© rasailojaraid.com



آپ جمعیت علماء اسلام کے مختلف دور دراز علاقوں میں منعقد جلسوں میں شرکت کیلئے تشریف لے گئے تھے۔ اس سے قبل بھی جناب فاروق خان لغاری صاحب دارالعلوم بحیثیت صدر پاکستان تشریف لا چکے ہیں۔ انہیں دارالعلوم اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کیساتھ خصوصی تعلق اور علاقہ ہے۔

سپاہ صحابہ کے جرنیل جناب مولانا اعظم طارق مدظلہ کی دارلعلوم میں آمد 16 اگست کو مولانا اعظم طارق صاحب دارالعلوم میں اپنے ساتھیوں اور پارٹی لیڈروں سمیت تشریف لائے۔ مولانا کا رہائی کے بعد صوبہ سرحد کا یہ پہلا دورہ تھا۔ اور انہوں نے اپنے کارکنوں سمیت دارلعلوم کی جامع مسجد میں نماز ظہر پڑھی اور خطاب بھی فرمایا بعد میں آپ نے عصرانے میں شرکت کی اور طلباء و علماء سے تفصیلی تبادلہ خیال فرمایا۔

بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کی ایجنسیوں کے نمائندوں کی دارالعلوم میں آمد گزشتہ دنوں دارالعلوم کو مختلف عالمی پریس ایجنسیوں کے نمائندے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے دارلعلوم تشریف لائے اور انہوں نے ان کی رہائش گاہ پر حضرت مولانا صاحب مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیے ان میں سرفہرست عالمی نیوز ایجنسی ''رائٹر'' کے نمائندے تھے۔ اسی طرح بین الاقوامی قدیم ترین نیوز ایجنسی ایسوسیئیٹ (Associated Press) بیورو چیف مشہور و معروف صحافیہ Kathy Gannon بھی پاکستانی صحافیوں کیساتھ تشریف لائی تھیں۔ ان تمام نمائندوں نے حضرت مہتمم مدظلہ کے ساتھ پاکستان اور افغانستان کی سیاسی صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور جمعیت علماء اسلام کے امریکہ کے خلاف بڑھتے ہوئے دباؤ کے بارے میں کئی سوالات کئے۔ اور تحریک طالبان اور عظیم ہیرو اسامہ بن لادن کے بارے میں انہوں نے کافی جانکاری کی۔ حضرت مہتمم مدظلہ صاحب نے انہیں تفصیل کے ساتھ امریکہ کی متوقع جارحیت اور عالمی قوتوں کی طالبان کش سرگرمیوں اور اسامہ بن لادن کے مبنی بر حق موقف کے بارے میں انہیں آگاہ کیا۔ اور پاکستانی حکمرانوں کے سیاہ کرتوتوں پر سے پردہ اٹھایا۔

☆ ☆ ☆ ☆



© rasailojaraid.com